تصویرستان کا پیش کردہ

नकाब

نقاب

ستارے
مدھوبالا۔ شمی کپور۔ اجیت۔
آشا ماتھر۔ ہیرالال
وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

نقاب کے گانے

نمبر۱

آزاد مجھ کو کر دے او قید کرنے والے
میں بے گناہ ہوں قیدی تو چھوڑ کر دعا لے
...طاوار ہوں گر خطا تو بتا دو
...ہی بے گناہ کو نہ مجرم بنا دو ـــــ خطاوار ہوں گر......
تم اِک بار کہہ دو کہ خاموشی گناہ ہے
تمہاری خوشی پھر جو چاہے سزا دو ـــــ خطاوار...
...س اتنا گناہ ہے کہ ہوں بے گناہ میں
...دا مجھے قید غم سے چھڑا دو ـــــ خطاوار ہوں گر...

گانا نمبر۲

ہم اُن کی مست آنکھوں کے مستانے بن گئے
بس ایک ہی جلوے میں ہم دیوانے بن گئے
...کی ملاقات نے یہ جادو کر دیا
...کی اس شمع کے پروانے بن گئے ـــــ بس ایک ہی...
دِل اِس طرح سے کھو گیا اُن کے خیال میں
کہ ہم تو اپنے آپ سے بیگانے بن گئے ـــــ بس ایک...
...ن کی پردہ داریاں وہ ان کی بے رُخی
...یرا لوٹنے کے یہ بہانے بن گئے ـــــ بس ایک ہی...

گانا نمبر۳

دِل سے دِل کا پیمانہ ٹکرا لے ایک بار
ذرا چھیڑ دے دِل کے تار بھر لے آنکھوں میں پیار

روز روز نہ آئے گی یہ رنگین بہار — دل سے ...
انگڑائیاں لے لے کر ہے رات کی رانی آئی
اس چاند سے مکھڑے پر زلفوں کی گھٹا ہے چھائی
کر اُلفت کا اقرار میرے بانکے دلدار
یہ دنیا ہے دن چار — دل سے دل کا ...
متوالے جھوم لے او مستانے جھوم لے
اُلفت کی شمع پہ او پروانے جھوم لے
یہ مست نظر ہے تیرے لئے — یہ دل یہ جگر ہے تیرے لئے
کالی زلفیں گورا مکھڑا یہ شام و سحر ہے تیرے لئے
کر اُلفت کا اقرار۔ میرے بانکے دلدار
یہ دنیا ہے دن چار — دل سے دل کا .....

گانا نمبر ۲

چُن چُن کے لائی ہوں میں پھول یہ پیار کے
لے گا کوئی قسمت والا ....
دیکھو چمپا پہ آئی جوانی آنکھ نرگس کی ہے مستانی
دیکھو کھلتی چمبیلی ہے ہنستا گلاب لال
رنگ چُرائے میں نے سارے بہار کے — لے گا کوئی قسمت
یہ پھول نہیں یہ تو ہے اُلفت بھرا جام
کہتے ہیں جا کے حُسن سے یہ عشق کا سلام
نذرانہ بھیجو یار کو پھولوں میں رکھ کے دل
پھر دیکھو کیسے بنتے ہیں سب بگڑے ہوئے کام
آئی بہار رنگ بھری زلفیں سنوار کے — لے گا کوئی قسمت

گانا نمبر ۵

نیا نام میرا کہ نہ ہوں بدنام کہیں ہر گلی گلی میں نہ ہو چرچا میرا عام کہیں
تمہیں قسم میرا یہ راز راز رہے۔ جو ناز تم پہ ہے مجھے سدا وہ ناز رہے
تمہارے ہاتھ میں ہے پردہ داری آنچ میری
اب امتحان ہے کہ یہ عشق سرفراز رہے ـــ جو ناز تم پہ ہے......
دل و نظر میں ہوا ہے جو سلسلہ قائم
خدا کرے کہ وہی سلسلہ دراز رہے
جو ناز تم پہ ہے......... میری قسم تمہیں......

گانا نمبر ۶

شہزادی:۔ کب تک اٹھائیں اور یہ غم انتظار کا
آجا چراغ۔ بجھ رہا ہے تیرے پیار کا ـــ کب تک....
شہزادہ:۔ طوفان غم کے آئیں یا ہوائیں ظلم کی
پھر بھی نہ بجھ سکے گا یہ چراغ پیار کا
شہزادی:۔ آجا چراغ بجھ رہا ہے تیرے پیار کا ـــ کب تک...
اے قاصد دلدار جب ہو ان سے ملاقات
اتنا پیام دینا دل بے قرار کا
آجا چراغ بجھ رہا ہے تیرے پیار کا ـــ کب تک...
شہزادہ فریاد کرنے والے اب خزاں کا خوف کیا
در پر تیرے آ پہنچا ہے موسم بہار کا
شہزادی:۔ کب تک اٹھائیں اور یہ غم انتظار کا

گانا نمبر ۷

شوخ ادائیں مست نگاہیں کہتی ہیں کر لے پیار

میرے صنم مجھے میری قسم ذرا کرلے آنکھیں چار
شوخ ادائیں .... میرے صنم ......

تیری کہانی ہوں میں تیرا فسانہ ۔ جانے نہ ایک تو ہی جانے زمانہ
مست ہوائیں کالی گھٹائیں، لائی ہیں لے کے خمار ـــ میرے صنم ...
دیکھ تو شوخی میری انداز میرے ۔ دل میں ہے چوری کر لوں میں راز تیرے
دل کی صدائیں مجھے بلائیں کرنا نہ انکار ـــ میرے صنم ...

گانا نمبر ۵ ـ قوالی

پہلا:۔ شعر عرض ہے ـــ مجنوں بنا دیا ہمیں فرہاد کر دیا
بلدیو:۔ آہاہا ۔ سبحان اللہ کیا بات ہے ۔ مکرر
دوسرا:۔ تیری نظر نے ہم کو تو برباد کر دیا
ہاں اُلفت کا ہمیں نزلہ ہے گو پیار کا بخار
مر مر کے جی رہا ہے تیرے عشق کا بیمار
پہلا:۔ ارے میاں ۔ اسی لئے تو چچا غالب فرما گئے ہیں
تیسرا:۔ کیا فرما گئے ہیں!
کورس:۔ عشق نے غالب نکما کر دیا ۔ ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے
بلدیو:۔ اب جگر تھام کے بیٹھو میری باری آئی
دوسرا:۔ لو اور سنو ارے بھئی ان کی باری آئی
بلدیو:۔ تمھارے بچپن ہی کہ عشق کی بیماری آئی
ایسے دل پھینک تھے جاتے تھے جس کوچے میں
لوگ کہتے تھے کہ عاشق کی سواری آئی
دوسرا:۔ مگر چچا اب ۔
بلدیو:۔ ارے میاں ۔ اب تو عاشق ہیں برائے نام کے

کورس :- ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے
بدرو :- اب اپنی بھی کہو برخوردار
دوسرا :- اِک دلربا سے اِک دِن یہ دِل جو میرا اٹکا
قدموں میں جا کے اس کے سر میں نے اپنا پٹکا
شامت جو میری آئی اباّ نے خبر پائی۔ تھپڑ پہ دیا تھپڑ پٹک کے یہ دیا جھٹکا
بدرو :- اور پھر !
دوسرا :- رہ گئے روتے روتے جگر کو تھام کے
کورس :- ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے
بدرو :- کر دے جو تو اشارہ تارے فلک سے لا دوں
قدموں پہ تیرے لا کے میں چاند کو جھکا دوں
نہ جانے تیرے آگے کیوں زور نہیں چلتا
ورنہ تو جیسے چاہوں دُنیا کو میں نچا دوں
مگر ہائے رہی قسمت — دِن پھرے ہیں عاشق ناکام کے
کورس :- ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے

گانا نمبر ۹

تیرا خیال دِل کو ستائے تو کیا کریں
دم بھر ہمیں قرار نہ آئے تو کیا کریں — تیرا خیال....
جب چاند آئے تاروں کی محفل میں جھوم کے
دِل بار بار تجھ کو بلائے تو کیا کروں — تیرا خیال....
کٹتی نہیں ہے رات اب تیرے فراق میں
ہم دِل جلوں کو نیند نہ آئے تو کیا کریں — تیرا خیال....

گانا نمبر ۱۰

اے دِل کی لگی کچھ تو ہی بتا اس عشق میں کیا کیا ہونا ہے
ہنسنا بھی کبھی ہے قسمت میں یا خون کے آنسو رونا ہے
ہم دِل میں دِل کا درد لئے اٹھ جائیں تیری محفل سے
سب کچھ کھو کر پایا تھا تمہیں پر آج تمہیں بھی کھونا ہے — اے دل ...
موجوں میں کشتی چھوڑ چکے طوفانوں سے رشتہ جوڑ چکے
اب کون کرے ساحل پہ نظر جو ہونا ہے سو ہونا ہے — اے دل ...

گانا نمبر ۱۱

ہم تیرے ستم کا کبھی شکوہ نہ کریں گے
مر جائیں گے پر عشق کو رسوا نہ کریں گے
جتنی وفا بھی نبھ سکی ہم تو نبھا چکے
تم خوش رہو سدا یہی کر کے دعا چلے
اب تم سے کوئی اور تمنا نہ کریں گے — مر جائیں گے ....
ہونے کو ہے ہماری آج زندگی تمام
ہم تو چلے جہاں سے لو آخری سلام
ہم بد نصیب اب تجھے دیکھا نہ کریں گے — مر جائیں گے ...

(ختم شد)

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گیتوں کا گورو

یہ وہ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چنیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ گیتا بالی۔ مینا۔ شمی۔ ریحانہ۔ شیاما۔ وجینتی مالا۔ شکیلہ۔ اوشا کرن۔ نروپا رائے اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ موتی لال۔ کرن دیوان۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ بھارت بھوشن۔ اوم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور سانے آپکو مقبول جاتا ہے۔ قیمت صرف ۱/-۱۲ محصول ڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانے والی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸/۰ محصول ڈاک معاف

فلمی پرستان

یہ وہ فلمی کتاب ہے۔ جو زرِ کثیر خرچ کر کے تیار کرالی گئی ہے۔ اسمیں ایک سو فلموں کے پورے گانے درج کئے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شوقین احباب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں دردر بھٹکنا نہیں پڑیگا۔ قیمت صرف ۳/۱ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ:۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

کمال پرنٹنگ پریس دہلی